حضرت ابو سعید خدریؓ کے مطابق'

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مومن کے ایمان کی ایک نشانی یہ ہے کہ وہ خیر سے کبھی سیر نہ ہو' اسی کی طلب اور پیاس آخری سانس تک قائم رہے۔

جیسے انسان کا جسم آخری سانس تک غذا اور پانی طلب کرتا ہے اور یہی اس کی حیات' پرورش اور تقویت کا سبب ہوتا ہے' اسی طرح مومن کا نفس خیر سے پرورش پاتا اور تقویت حاصل کرتا ہے۔ یہی اس کی غذا ہے

وہ خیر کا علم حاصل کرنے' اور خیر پر عمل کرنے کی اور خیر کی طرف بلانے کے کسی موقع کو ضائع نہیں کرتا۔

وہ طالب خیر' معلم خیر اور داعی الی الخیر ہوتا ہے۔

وہ خیر میں ہی لطف محسوس کرتا ہے

جس کا دل نیکی کی باتوں میں اور نیکی کے کاموں میں نہ لگے' اسے اپنے ایمان کی فکر کرنا چاہیے۔

(خیر خواہ)